# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

(Revised Syllabus)

| Version No. | 3 | 0 | 3 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25منٹ　　Group-I　　حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دیں۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: مہیا کی گئی اوایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(1) ایک شخص میں اپنی مدد آپ کرنے کا جوش اس کی سچی:
A تنزلی کی بنیاد ہے　B شہرت کی بنیاد ہے　C عزت کی بنیاد ہے　D ترقی کی بنیاد ہے

(2) مسلمانوں کو زبردستی ہندو بنانے کی ناپاک تحریک کا کیا نام تھا؟
A آریہ سماج　B برہمو سماج　C سنگھٹن　D شُدھی

(3) سبق 'داروغہ جی کی پانچوں گھی میں اور سر کڑاھی میں' صنفِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟
A ناول　B ڈراما　C افسانہ　D انشائیہ

(4) قتلو خان اور طغرل بیگ کس کے وفادار ملازم تھے؟ (بحوالہ سبق: خوب صورت بلا)
A توفیق　B شمسہ　C شہزادہ سہیل　D مقتول بادشاہ

(5) سبق 'تعلیم بالغاں' کے منظر میں گھڑونچی پر کتنے گھڑے رکھے تھے؟
A دو　B چار　C تین　D پانچ

(6) ابنِ انشا کے مطابق تختِ جمشید کے پسِ منظر میں نظر آنے والا چٹانوں کا سلسلہ کیا کہلاتا ہے؟
A وادیِ سینا　B کوہِ ہمالیہ　C کوہِ رحمت　D کوہِ نور

(7) سبق 'لالچی وزیر' اصل میں کس زبان کی لوک کہانی ہے؟
A سندھی　B پنجابی　C بلوچی　D کشمیری

(8) ذیل میں سے کون سے شاعر مکہ مکرمہ میں دفن ہوئے؟
A محسن کاکوروی　B نظیر اکبر آبادی　C ماہر القادری　D میر انیس

(9) نظم 'شہر آشوب' ہیئت کے لحاظ سے کیا ہے؟
A مخمس　B مسدس　C قطع بند　D مثنوی

(10) مثنوی 'سحر البیان' کس شاعر نے لکھی؟
A میر انیس　B میر حسن　C میرزا دبیر　D میر تقی میر

(11) نظم 'ذُرِّ مراد' میں شاعر نے کس جگہ کی منظر کشی کی ہے؟
A دمشق　B کوفہ　C مکہ　D کربلا

(12) حفیظ جالندھری کے مطابق سر پہ تاجِ زر پہن کر کون اُٹھا؟
A شاہِ سحر　B حسینۂ سحر　C ملکۂ سحر　D شہزادۂ سحر

(13) مرزا محمود سرحدی کی شاعری کس قسم کی ہے؟
A فلسفیانہ　B سنجیدہ　C عامیانہ　D طنزیہ مزاحیہ

(14) 'خدائے سخن' کے نام سے کس غزل گو شاعر کو یاد کیا جاتا ہے؟
A میر درد　B میر تقی میر　C غلام ہمدانی مصحفی　D مرزا غالب

(15) تصوف کس غزل گو شاعر کی غزل کا اہم ترین موضوع قرار دیا گیا ہے؟
A میر تقی میر　B غلام ہمدانی مصحفی　C میر درد　D مرزا غالب

(16) کس غزل گو شاعر کے نزدیک محبت میں مرنے اور جینے میں کوئی فرق نہیں ہے؟
A میر تقی میر　B ناصر کاظمی　C میر درد　D مرزا غالب

(17) کس غزل گو شاعر کا دعویٰ ہے کہ وہ لوحِ جہاں پر حرفِ مکرر نہیں ہے؟
A مرزا غالب　B میر تقی میر　C داغ دہلوی　D میر درد

(18) غزل کے تمام اشعار کا مفہوم ________ ہوتا ہے۔
A ایک　B الگ الگ　C متضاد　D مبارک

(19) کلام میں دو ایسے الفاظ استعمال کرنا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں، کیا کہلاتا ہے؟
A صنعتِ لف و نشر　B صنعتِ تضاد　C صنعتِ حُسنِ تعلیل　D صنعتِ تلمیح

(20) چائے چولہے پر رکھی ہے۔۔۔۔۔ قواعد کے لحاظ سے یہ جملہ کس کی مثال ہے؟
A مجازِ مرسل　B تشبیہ　C استعارہ　D تلمیح

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## (Revised Syllabus)

## (Group I)

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

**سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں:** (12x4=48)

(i) سرسید کے خیال میں قومی ترقی کن خوبیوں کا مجموعہ ہے؟

(ii) ڈاکٹر سید عبداللہ کے مطابق علامہ اقبال نے یورپ کے نظریۂ وطنیت کی مخالفت کیوں کی؟

(iii) معیارِ زندگی سے کیا مراد ہے؟ اس کو کس طرح بلند کیا جاسکتا ہے؟

(یا)

ڈراما 'خوب صورت بلا' کے کردار توفیق نے عورت کی تعریف کن الفاظ میں کی ہے؟

(iv) علامہ اقبال نے اپنے مکتوب میں والد گرامی کو لسّی پینے کے کیا کیا فوائد بتائے ہیں؟

(v) نظم 'شہر آشوب' کا مرکزی خیال لکھیں۔

(یا)

شاملِ نصاب 'حمد' میں اللہ تعالیٰ کی جن صفات کا ذکر کیا گیا ہے۔ اُنھیں اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(vi) نظم 'نصیحت اخلاقی' میں اکبرالہ آبادی نے ہونہار بیٹے کی کیا خصوصیات بتائی ہیں؟

(vii) مرزا محمود سرحدی کو نوجوان نسل سے کیا کیا شکایت ہے؟

(viii) فقیرانہ آئے صدا کر چلے ۔۔۔ میاں! خوش رہو ہم دعا کر چلے ۔۔۔ اس شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

(یا)

میر درد کو مے خانے کے محتسب سے کیا شکوہ ہے؟

(ix) شاملِ نصاب غزل میں غلام ہمدانی مصحفی کے مطابق چمن میں ناگہ کون آیا؟ اس کی آمد کا کیا نتیجہ نکلا؟

(x) ردیف کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی تحریر کریں۔

(یا)

کنایہ کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی تحریر کریں۔

(xi) صنعتِ حُسنِ تعلیل کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی تحریر کریں۔

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

اکثر و بیشتر بادشاہوں کے برخلاف شیر شاہ سُوری ایک بہادر، ایک دُور اندیش اور ایک فلاحی منصوبے بنانے والا بادشاہ خیال کیا جاتا ہے۔ لگ بھگ پانچ سو سال قبل، کابل سے کلکتہ اور کابل سے دہلی تک عظیم شاہراہیں بنانے کے منصوبے ہوں یا بھیرہ سے بہار تک مسجدیں، مسافر خانے اور قلعے بنانے کا نظام، زمین کی پیائش ہو یا جنگی اور انتظامی حکمتِ عملی، وہ ایک سوچنے، سمجھنے اور غور کرنے والا بادشاہ نظر آتا ہے۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر32)

سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ اکثر ماں باپ اپنے بچوں کو ان کی معصوم خطاؤں پر اور بے باک شوخیوں اور گستاخیوں پر خوب گوشمالی کرتے ہیں، مگر وہ یہ یاد رکھیں کہ بچوں کو صرف ان دو قصوروں پر سزا دینی چاہیے؛ ایک جھوٹ پر اور دوسری سرکشی پر۔ جب تک کہ ان دونوں برائیوں سے ان کو وہ نہ چھڑائیں، سزا دینے سے ہاتھ کو نہ اُٹھائیں۔ اگر جھوٹ کا چسکا اس عمر میں زبان کو لگ گیا، تو وہ بڑے ہونے پر اور بڑھے گا۔

ب۔ ان بے کار، ویران اور گرم دنوں میں بڑی چچی نے چھمی کے پانچ جوڑے کپڑے اس کے سپرد کر دیے تھے۔ دوپہر میں جب سناٹا چھا جاتا تو وہ مشین پر کپڑے سینے بیٹھ جاتی۔ بڑی چچی سے تو اب کچھ بھی نہ ہوتا تھا۔ ہر وقت بجھی بجھی سی رہتیں۔ ان کا کسی کام میں جی نہ لگتا اور اماں تو ویسے بھی چھمی کو برداشت نہ کرتیں۔ ان کا بس چلتا تو جہیز کے کپڑوں سے چھمی کا کفن سی ڈالتیں۔ بس ایک عالیہ رہ گئی تھی جو بڑے خلوص سے جہیز سی رہی تھی اور ہر وقت چھمی کے اچھے نصیب ہونے کی دعائیں کر رہی تھی۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
ہو ہرا ریشۂ امید ، وہ نخلِ سرسبز
جس کی ہر شاخ میں ہو پھول، ہر اک پھول میں پھل
رُخِ انور کا تیرے دھیان رہے بعدِ فنا
میرے ہمراہ چلے راہِ عدم میں مشعل
صفِ محشر میں تیرے ساتھ ہو تیرا مداح
ہاتھ میں ہو یہی مستانہ قصیدہ ، یہ غزل

ب۔
پرانی وضع کا بے حد عجیب جامہ ہے
پہن چکا اسے خود "واسکوڈی گاما" ہے
نہ دیکھ کہنیوں پر اس کی خستہ سامانی
پہن چکے ہیں اِسے ترک اور ایرانی
جگہ جگہ وہ پھرا مثلِ "مارکوپولو"
وہ کوٹ کوٹوں کا لیڈر ہے اس کی جے بولو

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
کیا نہ آئے گا اسے خوف مرے قتل کے بعد
دستِ قاتل کو ذرا دستِ دعا ہونے دو

ب۔
کیوں گردشِ مُدام سے گھبرا نہ جائے دل
انسان ہوں، پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں

ج۔
اخلاصِ دل سے چاہیے سجدہ نماز میں
بے فائدہ ہے ورنہ جو یوں وقت کھوئیے

د۔
سمجھو خدا کے واسطے پیارے بُرا نہیں
دو دِن، اگر کسی کے کوئی کام آگیا

ہ۔
ذکر میرا ہی وہ کرتا تھا صریحاً ، لیکن
میں جو پہنچا تو کہا، خیر یہ مذکور نہ تھا

سوال نمبر۶۔ اپنے کالج میں منعقد ہونے والی یومِ آزادی کی تقریب کی روداد لکھیں۔ (5)

سوال نمبر۷۔ چیئرمین ضلع کونسل کے نام صفائیِ محلّہ کی درخواست لکھیں۔ (5)

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

(Revised Syllabus)

| Version No. | 7 | 0 | 3 | 5 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25منٹ    Group-II    حصّہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) سبق ''آنگن'' صنفِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟
A ناول   B ڈراما   C انشائیہ   D افسانہ

2) مولوی ذکاءاللہ کے مطابق انسانوں میں باہمی رشتہ مندی کس کے سبب سے ہے؟
A دولت   B مادہ پرستی   C خُلق   D تہذیب

3) نہرو رپورٹ کب شائع ہوئی؟
A 1923ء میں   B 1928ء میں   C 1929ء میں   D 1930ء میں

4) ' فسانہ آزاد' کس کی تصنیف ہے؟
A حشر کاشمیری   B ابن انشا   C خدیجہ مستور   D رتن ناتھ سرشار

5) سبق ' لالچی وزیر' میں گڈریے کے مطابق دنیا کی سب سے خراب چیز کیا ہے؟
A جھوٹ   B لالچ   C غیبت   D مکاری

6) ''میں نے وہ انداز تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے''۔ یہ بات اپنے بارے میں کس نے کہی تھی؟
A مرزا غالب   B ابن انشا   C علامہ اقبال   D حالی

7) سبق 'شیراز اور کنار آبِ رکناباد وغیرہ ' میں مصنف کے ٹیکسی ڈرائیور کا نام کیا تھا؟
A داؤد   B مشکور   C غیور   D منصور

8) نظم 'دیرماز' صنفِ سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟
A مثنوی   B قصیدہ   C مرثیہ   D شہر آشوب

9) شاملِ نصاب نظم 'امید' اردو شاعری میں کس معروف نظم کا حصہ ہے؟
A مدوجزر اسلام   B شاہنامہ اسلام   C طلوعِ اسلام   D خطاب بہ جوانانِ اسلام

10) 'لسان العصر' کس شاعر کا لقب ہے؟
A حفیظ جالندھری   B سید محمد جعفری   C مرزا محمود سرحدی   D اکبر الہ آبادی

11) ذیل میں سے کس شاعر کے قطعات، شاملِ نصاب ہیں؟
A محسن کاکوروی   B مرزا محمود سرحدی   C میر حسن   D حفیظ جالندھری

12) عبدالرحمٰن بابا، کس زبان کے عظیم شاعر ہیں؟
A پنجابی   B پشتو   C بلوچی   D سندھی

13) شاعر نے جاڑوں کے موسم میں پرانا کوٹ کہاں سے خریدا؟
A شاپنگ مال سے   B اتوار بازار سے   C ریڑھی سے   D نیلام سے

14) میر تقی میر کس صدی کے غزل گو شاعر ہیں؟
A سولہویں   B سترہویں   C اٹھارہویں   D انیسویں

15) کس غزل گو شاعر کی شاعری وحدت الوجود اور وحدت الشہود کے فلسفوں کا خوب صورت امتزاج ہے؟
A میر تقی میر   B مرزا غالب   C نواب داغ دہلوی   D میر درد

16) کس شاعر کی غزل میں دبستانِ دلی کا سوز و گداز اور دبستانِ لکھنو کی پیکر تراشی دونوں کا رجحان نظر آتا ہے؟
A مرزا غالب   B غلام ہمدانی مصحفی   C میر تقی میر   D میر درد

17) کس شاعر کا کہنا ہے کہ وہ لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ہے؟
A میر تقی میر   B میر درد   C مرزا غالب   D غلام ہمدانی مصحفی

18) قافیے کے بعد دہرائے جانے والے الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟
A محاورہ   B روزمرہ   C ردیف   D تلمیح

19) ادب کی رُو سے 'عورتوں سے باتیں کرنا' کس کے معنی ہیں؟
A غزل   B مثنوی   C قصیدہ   D شہر آشوب

20) فعل کی فاعل سے مطابقت کے حوالے سے جملہ مکمل کریں۔ میری کتابیں، قلم اور کاپیاں سب کچھ۔۔۔۔۔۔
A کھوگئیں   B کھوگئے   C کھوگئی   D کھوگیا

# اُردو (لازمی) ایچ ایس سی-I

## (Revised Syllabus)

## (Group II)

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) برصغیر کے مسلمانوں نے کن کی رہنمائی میں تحریکِ خلافت کیوں شروع کی؟

(ii) جمیل اور بڑے چچا میں اختلاف کی وجہ کیا تھی؟

(iii) جمیل الدین عالی نے شاملِ نصاب سبق میں کن کن اطالوی کھانوں کا ذکر کیا ہے؟

(یا)

مرزا غالب نے شاملِ نصاب دوسرے خط میں دلی کی پہچان کن پانچ چیزوں کو قرار دیا ہے؟

(iv) اقبال، انجمن اردو کے مستقر کے لیے لاہور کے انتخاب پر کیوں زور دیتے ہیں؟

(v) نظم 'یہ سڑکیں' میں سڑکوں کا نقشہ کن الفاظ میں کھینچا گیا ہے؟

(یا)

شاملِ نصاب قطعات میں مرزا محمود سرحدی نے کن معاشرتی برائیوں کی نشاندہی کی ہے؟

(vi) نظم 'اخلاص' کا مرکزی خیال لکھیں۔

(vii) نظیر اکبرآبادی نے گھر کی مفلسی کا نقشہ کن الفاظ میں کھینچا ہے؟

(viii) غالب کے خیال میں زمانہ اُسے مٹانے کی کوشش کیوں نہ کرے؟

(یا)

شامل نصاب غزل کے مقطع میں داغ دہلوی نے محبوب کی نفسیات کی کون سی تصویر پیش کی ہے؟

(ix) میر تقی میر پاؤں کو آبِ حیات سے بھی کیوں نہیں دھونا چاہتا؟

(x) مرکب مصادر کون سے ہوتے ہیں؟ دو مثالیں بھی لکھیے۔

(یا)

استعارہ کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی تحریر کریں۔

(xi) تلمیح کی تعریف لکھیں نیز دو مثالیں بھی تحریر کریں۔

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

آخر میں نے بھی بے حیائی کا جامہ پہن لیا۔ پٹنا قسمت میں لکھا ہے تو یوں ہی سہی۔ یوں بھی پٹنا، ووں بھی پٹنا۔ پھر کام کر کے اپنے آپ کو مفت میں کیوں تھکائیں۔ نکمے کا خطاب ملتا ہے تو ملنے دو۔ بُرا بھلا کہتے ہیں تو کہنے دو۔ اس کان سنو اس کان اُڑا دو۔ آپ ہی بک بک کر تھک جائیں گے۔ یہ چال بھی گھورنے کی طرح کامیاب ہوئی۔ سب چیختے چلاتے مگر میں ٹس سے مَس نہ ہوتا۔ جہاں کسی نے ذرا ہاتھ لگایا اور میں نے اس زور سے چیخ ماری گویا کسی نے گلا گھونٹ دیا ہے۔ کبھی کسی نے میری اس ترکیب کو دیکھ لیا تو راز کھل گیا۔ نہیں تو مارنے والا خود گھبرا گیا۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

سوالنمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ آدمی جس قدر کہ دوسروں پر بھروسہ کرتے جاتے ہیں خواہ اپنی بھلائی اور ترقی کا بھروسہ گورنمنٹ ہی پر کیوں نہ کریں، یہ امر بدیہی اور لابدی ہے کہ وہ اسی قدر بے مدد اور بے عزت ہوتے جاتے ہیں۔ اے ہم وطن بھائیو! کیا تمھارا یہی حال نہیں ہے؟ ایشیا کی تمام قومیں یہی سمجھتی رہی ہیں کہ اچھا بادشاہ ہی رعایا کی ترقی اور خوشی کا ذریعہ ہوتا ہے۔

ب۔ بہتر معیارِ زندگی ہر فرد کا بنیادی حق ہے لیکن آبادی اور وسائل میں عدم توازن اس حق کو متاثر کرتا ہے۔ اس سے محبت، احترام، درد مندی اور رواداری کی جگہ خود غرضی، ابتری، بے اطمینانی اور انتشار پھیلتا ہے۔ جرائم میں اضافہ ہو جاتا ہے اور سماجی عدم توازن جنم لیتا ہے۔ جس سے سماجی بنیادیں کھوکھلی ہو جاتی ہیں۔ بے روزگاری کی شرح میں بے حد اضافہ ہو جاتا ہے۔

سوالنمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
اُسی خالق، اُسی مالک کی ہے سب حمد و ثنا
آبشاروں کا ترنم ہو کہ گلبانگِ ہزار
یہ سب آیاتِ الٰہی ہیں، ذرا غور سے دیکھ
اُس کی پھر حمد بیاں کر، اُسی خالق کو پکار
اس کی صنعت کے نمونے ہیں، وہ نکہت ہو کہ رنگ
اس کی قدرت کے کرشمے ہیں، خزاں ہو کہ بہار

ب۔
تن پر رہِ معبود میں ہم سر نہیں رکھتے
ہم سر کے کٹا دینے میں، ہمسر نہیں رکھتے
جُز دستِ گدا اور کہیں زر نہیں رکھتے
تکیہ کرمِ حق پہ ہے، بستر نہیں رکھتے
یہ اُن پہ کُھلا ہے کہ جو خاصانِ خدا ہیں
ہر بندے کے ہم بند کشا، عقدہ کشا ہیں

سوالنمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حقِ بندگی ہم ادا کر چلے

ب۔
باوجودیکہ پر و بال نہ تھے آدم کے
واں پہ پہنچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا

ج۔
ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارمان، لیکن پھر بھی کم نکلے

د۔
تم دل آزار بنے رشکِ مسیحا کیسے
کم نہ ہونے دو مرا درد، سوا ہونے دو

ہ۔
اُٹھا جو صبح خواب سے وہ مست پُر خمار
خورشید کف کے بیچ لیے جام آگیا

سوالنمبر۶۔ دو دوستوں کے درمیان کرپشن کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (5)

سوالنمبر۷۔ دوست کے نام خط لکھ کر شاپنگ بیگ کے استعمال کے نقصانات سے آگاہ کریں۔ (5)

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

**(Old syllabus)**

| Version No. | 7 | 0 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ — **Group-I** — حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(1) "روداد" کس زمانے میں لکھی جاتی ہے؟
A حال B مستقبل C مستقبل قریب D ماضی

(2) "نظر میں وہ گُل سما گیا ہے" علم بیان کی رو سے "گُل" کیا ہے؟
A استعارہ B تلمیح C تشبیہ D پھول

(3) وہ تحریر جو کسی چیز کے وصول کرنے پر لکھی جاتی ہے، اصطلاح میں وہ کیا کہلاتی ہے؟
A ثبوت B رسید C معاہدہ D تحریر

(4) سرسید احمد خان کے مطابق "اپنی مدد آپ" کیسا مقولہ ہے؟
A آزمودہ B حقیقی C مثالی D فرضی

(5) منٹو کی وجہ شہرت کون سی صنف نثر ہے؟
A افسانہ B ڈراما C انشائیہ D ناول

(6) بی۔اے پاس کرنے کے بعد پرکاش نے کیا کیا؟
A دوکانداری کی B بے روزگار رہا C ٹیوشن پڑھائی D مزدوری کی

(7) مولانا گرامی کہاں تھے؟
A عدم آباد B دائم آباد C حیدرآباد D احمد آباد

(8) "تو جگ جگ جیئے، تو سہرے باندھے" یہ جملہ کس کا ہے؟
A خواجہ صاحب کا B بیگم خواجہ کا C راجا صاحب کا D بیگم راجا کا

(9) نظیر اکبرآبادی کب پیدا ہوئے؟
A 1835ء B 1753ء C 1950ء D 1735ء

(10) نظم شامِ رنگین کے مطابق مغرب کے گھر میں کون بستر جما رہا ہے؟
A کسان B سورج C اندھیرا D چاند

(11) اختر شیرانی کے خیال میں وطن کو کس پر افتخار ہے؟
A ایٹم بم پر B غوری میزائل پر C تیغ تیز پر D پاک چین دوستی پر

(12) میر انیس کس صنفِ شاعری میں کمال رکھتے ہیں؟
A مرثیہ B منقبت C مثنوی D قصیدہ

(13) شاملِ نصاب "قطعات" کے خالق کون ہیں؟
A احمد ندیم قاسمی B حفیظ جالندھری C مرزا محمود سرحدی D انور مسعود

(14) مصرعہ مکمل کیجیے: "تک ______ جگر سوختہ کی جلد خبر لے"
A حالی B میر C درد D جگر

(15) داغ نے انسان کو کس چیز کی فکر کرنے کی تلقین کی ہے؟
A انجام B مال و متاع C عہدِ رفتہ D خاندان

(16) "اختر شماری" کا مفہوم کیا ہے؟
A مردم شماری B حساب کرنا C تارے گننا D نوٹ گننا

(17) "شاعرِ رنگین نوا" کی ترکیب کس شاعر نے استعمال کی ہے؟
A حسرت موہانی B داغ دہلوی C آتش D احمد ندیم قاسمی

(18) "گورِ سکندر" قواعد کی رو سے کیا ہے؟
A صنعتِ تضاد B تلمیح C کنایہ D محاورہ

(19) جس چیز کو تشبیہ دی جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟
A مشبہ بہ B وجہ جامع C حرفِ تشبیہ D مشبہ

(20) "مقطع" غزل کا ______ شعر ہوتا ہے۔
A آخری B دوسرا C تیسرا D پہلا

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## (Old Syllabus)

18

وقت: 2:35 گھنٹے　　(Group I)　　کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

---

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) میٹرک کے امتحان سے قبل مرزا عبدالودود بیگ نے کون سا راز فاش کیا؟

(ii) سبق ''شاہین بچے'' کے مصنف کو لیڈر بننے میں کون سی قباحتیں دکھائی دیتی ہیں؟

(iii) بیگم خواجہ اور بیگم راجا کا جھگڑا کس وجہ سے ہوتا تھا؟ نیز جھگڑے کا آغاز کس کی طرف سے ہوتا تھا؟

(یا)

ناسازگار حالات کے باوجود جابر نے سائنس میں اعلیٰ مقام کس طرح حاصل کیا؟

(iv) سید محمد جعفری نے نظم ''ایبسٹریکٹ آرٹ'' میں کون سی تصویر کو کمالِ فن کہا ہے؟

(v) '' انگارہ خاکی'' کب ''بال و پر روح الامین'' پیدا کر سکتا ہے؟ نیز'' انگارہ خاکی'' سے کون مراد ہے؟

(vi) ''پناہ گزین '' اور ''کفیل'' کا مفہوم لکھیں۔

(یا)

''وطن کی مرگ و زیست کا تمہیں پر انحصار ہے'' اس مصرع میں دو فنی خوبیوں کی نشاندہی کیجیے۔

(vii) آتش کے نزدیک زمانے کی دشمنی کن اسباب پر مبنی ہے؟

(viii) داغ نے کہنا نہ ماننے کی شکایت کس سے کی ہے اور کیوں؟

(ix) ''کیوں سنے عرضِ مضطرب مومنؔ　صنم آخر خدا نہیں ہوتا''

مذکورہ شعر میں لفظ ''مومن'' اور ''صنم'' کی ذومعنویت کی وضاحت کریں۔

(یا)

فیض کی غزل میں ''تقاضائے مصلحت'' اور ''تقاضائے دردِ دل'' سے کیا مراد ہے؟

(x) ''قافیہ'' کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(یا)

''مطلع'' کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(xi) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

شان ، گلشن ، شوق ، تصویر

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے تیار رہیں۔ یہ دور سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ دنیا تیزی کے ساتھ ارتقائی مراحل طے کر رہی ہے۔ جو افراد اور قومیں ان جدید تقاضوں کی تکمیل نہ کر سکیں، وہ رفتارِ زمانہ کا ساتھ نہیں دے سکتے زمانہ انہیں پامال کرتے ہوئے گزر جائے گا۔ طلبہ کو چاہیے وہ عہدِ حاضر کے سائنسی ماحول میں اپنے آپ کو اس قابل بنائیں کہ وہ دنیا کی ترقی یافتہ اقوام میں عزت کا مقام حاصل کر سکیں۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ محاورے کو شعر میں ایسا سمجھنا چاہیے جیسے کوئی خوبصورت عضو بدنِ انسان میں اور روزمرہ کو ایسا جاننا چاہیے جیسے تناسب اعضاء بدنِ انسان میں۔ جس طرح بغیر تناسب اعضاء کے کسی خاص عضو کی خوبصورتی سے حسنِ بشری کامل نہیں سمجھا جا سکتا اسی طرح بغیر روزمرہ کی پابندی کے محض محاورات کے جا و بیجا رکھ دینے سے شعر میں کچھ خوبی پیدا نہیں ہو سکتی۔

ب۔ میں دائیں بائیں لوگوں کو کنکھیوں سے دیکھتا جاتا تھا۔ یوں تو ہر شخص میل بھر پہلے ہی مڑ کر دیکھنے لگتا تھا لیکن ان میں کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کے لیے میری حالت ضیافتِ طبع کا باعث نہ ہو۔ ہینڈل تو نیچا ہو ہی گیا تھا، ایک لڑکے نے کہا "دیکھو یہ آدمی کیا کر رہا ہے۔" گویا اس بدتمیز کے نزدیک میں کرتب دکھا رہا تھا۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
وابستہ سب ہیں نظمِ قضا و قدر کے ساتھ
لیل و نہار بھی، روشِ روز گار بھی
یادِ خدا میں نغمہ سرا، نغمہ سنج ہیں
طاؤس بھی، ہزار بھی، صلصل بھی، سار بھی
مجھ سے گناہ گار کو بخشش کی ہے امید
اس سے کہ جو کریم ہے آمرزگار بھی

ب۔
کبھی اے نوجواں مسلم تدبُّر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اُس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاجِ سرِ دارا
تمدُّن آفریں، خلّاقِ آئینِ جہاں داری
وہ صحرائے عرب یعنی شتر بانوں کا گہوارا

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لُٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

ب۔
ہر نغمے نے انھی کی طلب کو دیا پیام
ہر ساز نے انھی کی سنائی صدا مجھے

ج۔
وہ کب دیکھ سکتا ہے اس کی تجلّی
جس انسان نے اپنا جلوہ نہ دیکھا

د۔
نکلیں گے لحد سے پھول بن کر
پل بھر کے نہیں ہیں میہماں ہم

ہ۔
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

سوال نمبر۶۔ دو دوستوں کے درمیان مطالعۂ کتب پر مکالمہ لکھیں۔ (5)

سوال نمبر۷۔ ناظمِ حلقہ کے نام صفائی محلّہ کی درخواست لکھیں۔ (5)

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

**(Old Syllabus)**

| Version No. | 9 | 0 | 3 | 6 |
|---|---|---|---|---|

حصہ اوّل (کُل نمبر:20) **Group-II** وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) تلخیص اصل عبارت کا عموماً کتنا حصہ ہوتی ہے؟
A نصف B ایک چوتھائی C ایک تہائی D دوتہائی

2) سبق ''منظور'' کے مصنف کون ہیں؟
A مشتاق احمد یوسفی B خواجہ حسن نظامی C سعادت حسن منٹو D غلام عباس

3) مشتاق احمد یوسفی کے مطابق اولادِ آدم کے مسائل کا ذمہ دار کون ہے؟
A اساتذہ B حکومت C والدین D مشاہیر عالم

4) سبق ''مرحوم کی یاد میں'' کیسا مضمون ہے؟
A مزاحیہ B تنقیدی C تاریخی D اصلاحی

5) 1999ء کی رپورٹ کے مطابق جنوبی ایشیا میں پاکستان کی آبادی کا تناسب کیا ہے؟
A پچاس فیصد B دس فیصد C بیس فیصد D تیس فیصد

6) غالب کے خط کے مطابق بغیر اجازت باہر سے آنے والے کو کتنے دن قید رکھا جاتا تھا؟
A تین دن B سات دن C آٹھ دن D دس دن

7) اقبال نے صحرائے عرب کو شتربانوں کا کیا کہا ہے؟
A مسکن B گھر C گہوارہ D علاقہ

8) جس نظم میں مرنے والے کے اوصاف بیان کیے جائیں وہ کیا کہلاتی ہے؟
A مثنوی B قصیدہ C منقبت D مرثیہ

9) نظم ''بڑھے چلو'' کس کی تخلیق ہے؟
A حفیظ جالندھری B مولانا حالی C اختر شیرانی D ظفر علی خان

10) اقبال کی شامل نصاب نظم میں اسلاف کی کس چیز کو گنوا دینے کا ذکر ہے؟
A غیرت B جائیداد C دولت D میراث

11) نظم ''طلوعِ اسلام'' کے ہر بند میں کتنے اشعار ہیں؟
A چار B سات C پانچ D چھ

12) درست لفظ کا انتخاب کر کے مصرعہ مکمل کریں: ''۔۔۔۔۔۔راحت فزا نہیں ہوتا''
A رنج B دل C دکھ D غم

13) آتش کس مشہور شاعر کا تخلص ہے؟
A خواجہ حیدر علی B محمد ابراہیم C حکیم مومن خان D میر ببر علی

14) میرؔ نے ''کارگہِ شیشہ گری'' کی ترکیب کس کے لیے استعمال کی ہے؟
A کارخانہ B دنیا C آسمان D محفل

15) فضل حق آزردہؔ کس کے دوست تھے؟
A حالیؔ B غالبؔ C مومنؔ D دردؔ

16) ''نہ ہمت، نہ قسمت، نہ دل ہے نہ آنکھیں نہ ڈھونڈا، نہ پایا، نہ سمجھا، نہ دیکھا'' اس شعر میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟
A صنعت لف و نشر مرتب B صنعت تضاد C صنعت تلمیح D صنعت حسن تعلیل

17) دو افراد کے درمیان کسی موضوع سے متعلق گفتگو کو کیا کہتے ہیں؟
A تبصرہ B خطبہ C مباحثہ D مکالمہ

18) قواعد کی رو سے ''آتشِ نمرود'' کیا ہے؟
A مرکب توصیفی B تشبیہ C کنایہ D تلمیح

19) ''مطلع'' کس شعری صنف کا پہلا شعر کہلاتا ہے؟
A رباعی B نظم C غزل D مرثیہ

20) ''پہنچنا'' کس کے لغوی معنی ہیں؟
A روزنامچہ B رسید C روداد D خط

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

**(Old Syllabus)**

**(Group-II)**

**وقت: 2:35 گھنٹے** | **کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80**

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

**سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں:** **(12x4=48)**

(i) مولانا حالی کے نزدیک شعر کی لفظی خوبیوں کا اندازہ کون لگا سکتا ہے؟

(ii) پرکاش کی نیت کس بات پر خراب ہوئی؟

(iii) قومی تنزلی کن باتوں کا مجموعہ ہے؟ شاملِ نصاب سبق ''اپنی مدد آپ'' کے حوالے سے جواب دیں؟

(یا)

چڑیا نے اپنے دفاع میں جو تقریر کی، چڑے پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

(iv) ظفر علی خان کی شاملِ نصاب نعت کا مرکزی خیال لکھیں۔

(v) نظیر اکبر آبادی نے ''سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا'' میں کس پہلو کو اجاگر کیا ہے؟

(vi) میر انیس نے فرات کی موجوں کے ساحل پر سر ٹپکنے کی کیا توجیہہ پیش کی ہے؟

(یا)

''کریم'' اور'' آمرزگار'' کون ہے؟ نیز ''کریم'' اور ''آمرزگار'' کا مفہوم (معنی) لکھیں۔

(vii) ''بے وفا کہنے کی شکایت ہے تو بھی وعدہ وفا نہیں ہوتا'' مذکورہ شعر میں مومن کس سے شکایت کر رہے ہیں اور کیوں؟

(viii) آتش نے اپنی غزل میں، اپنے کن مہربانوں کا ذکر کیا ہے؟

(ix) ''وہ تھا جلوہ آرا مگر تم نے موسیٰؑ نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا'' اس شعر میں صرف دو فنی خوبیوں کی نشاندہی کیجیے۔

(یا)

حسرت ''کشمکشِ امتحان'' سے تنگ کیوں آگئے ہیں؟

(x) تشبیہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔ (ایک شعری اور ایک نثری مثال)

(یا)

مقطع کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

(xi) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

انجمن ، کمال ، قسمت ، فریب

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

''دل کی جتنی بیماریاں ہیں، ان میں سب سے مہلک خوشامد کا اچھا لگنا ہے۔ جب خوشامد کے اچھا لگنے کی بیماری انسان کو لگ جاتی ہے تو اس کے دل میں ایسا مادہ پیدا ہو جاتا ہے، جو ہمیشہ زہریلی باتوں کے زہر کو چوس لینے کی خواہش رکھتا ہے۔ جس طرح خوش گلو گانے والے کا راگ اور خوش آیند باجے کی آواز انسان کے دل کو نرم کر دیتی ہے، اسی طرح خوشامد بھی انسان کے دل کو ایسا پگھلا دیتی ہے کہ ہر ایک کانٹے کے چبھنے کی جگہ اس میں پیدا ہو جاتی ہے۔''

## حصہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ بڑی دیر تک وہ کھانس کھانس کر کمرے کی صفائی کرتی رہیں۔ کرسیوں کی ترتیب بدل ڈالی۔ دیواروں پر لگی بچوں، میاں اور اپنی تصویریں گیلے کپڑے سے پونچھیں اور پھر تصویر کے سامنے دیر تک کھڑی رہیں۔ "سب جھوٹ تھوڑا ہی کہتے ہیں کہ میں خوبصورت ہوں۔" انھوں نے مسکرا کر سوچا۔ انہیں اپنی تصویر دیر تک دیکھنے سے بڑی طمانیت اور اعتماد محسوس ہوا۔

ب۔ نوجوان نے شام سے اب تک اپنی مٹرگشت کے دوران میں جتنی انسانی شکلیں دیکھی تھیں ان میں سے کسی نے بھی اس کی توجہ کو اپنی طرف منعطف نہیں کیا تھا، فی الحقیقت ان میں کوئی جاذبیت تھی ہی نہیں یا پھر وہ اپنے حال میں ایسا مست تھا کہ کسی دوسرے سے اسے سروکار ہی نہ تھا۔ مگر ایک دلچسپ جوڑے نے جس میں کسی افسانے کے کرداروں کی سی ادا تھی، جیسے یکبارگی اس کے دل کو موہ لیا تھا اور اسے حد درجہ مشتاق بنا دیا کہ وہ ان کی اور بھی باتیں سنے اور ہو سکے تو قریب سے ان کی شکلیں بھی دیکھ لے۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
ایک تصویر کو دیکھا تو یہ صورت نکلی
جس کو سمجھا تھا اناناس وہ عورت نکلی
اس نمائش میں جو اطفال چلے آتے تھے
ڈر کے ماؤں کے کلیجے سے چمٹ جاتے تھے
میں نے یہ کام کیا سخت سزا پانے کا
یہ نمائش نہ تھی اک خواب تھا دیوانے کا

ب۔
چاند کیا چیز ہے؟ سورج کی حقیقت کیا ہے؟
پر تو نور سے روشن ہے نظر آج کی رات
اٹھ گیا چہرۂ ہستی سے نقابِ اسرار
لائی ہے رازِ امانت کی خبر آج کی رات
مل گئی دونوں جہانوں کے خزانوں کی کلید
اپنی معراج کو پہنچا ہے بشر آج کی رات

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
ٹھانی تھی دل میں اب نہ ملیں کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہوگئے ناچار جی سے ہم

ب۔
لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہِ شیشہ گری کا

ج۔
اُن کا آنا حشر سے کچھ کم نہ تھا
اور جب پلٹے قیامت ڈھا گئے

د۔
اتنی ہی تو بس کسَر ہے تم میں
کہنا نہیں مانتے کسی کا

ہ۔
نہ گورِ سکندر، نہ ہے قبرِ دارا
مٹے نامیوں کے نشان کیسے کیسے

سوال نمبر۶۔ امتحان میں نقل کے بڑھتے ہوئے رجحان کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ قلمبند کیجیے۔ (5)

سوال نمبر۷۔ پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیں۔ (5)